ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے

ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

سیشن 1

10 منٹ

- کہانی کی کتابیں تقسیم کرنے سے پہلے بچوں سے پوچھیں کیا آپ کبھی چڑیا گھر گئے ہیں؟
  - بچوں سے پوچھیں چڑیا گھر میں آپ نے کیا کیا دیکھا اور وہاں جا کر کیا کیا؟
  - ممکنہ طور پر بچے جواب دیں گے۔ شور کیا' ہنگامہ کیا' مزہ کیا' شیر' بھالو' چیتا' زرافہ وغیرہ دیکھا۔
  - بچوں سے یہ سوال پوچھیں چڑیا گھر میں آپ کو شور کرنے سے منع کر دیا جائے تو آپ کو کیسا لگے گا۔ بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں۔

15 منٹ

- کہانی کی کتابیں بچوں میں تقسیم کریں۔ کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔
  - کہانی کے مشکل الفاظ اور ان کے معنی بھی بچوں کو بتائیں۔ صفحہ نمبر 11 کے حوالے سے بچوں سے پوچھیں کہ چڑیا گھر میں کوئی بچہ ناراض ہو جائے تو کیا ہو گا۔ بچوں کو ان کے خیالات کے اظہار کا موقع دیں۔ بچوں کے ممکنہ جواب یہ ہو سکتے ہیں۔ روٹھ کر بیٹھ جائے گا' رونے لگے گا' گھر واپس جانے کی ضد کرے گا وغیرہ۔

15 منٹ

- اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ اس حوالے سے 6 - 5 جملے اپنی کوپی میں لکھیں۔

گھر کا کام

5 منٹ

- کہانی میں سے 10 اسم' صفت اور فعل تلاش کر کے کوپی میں لکھئے۔

سیشن 2

10 منٹ

- کلاس کے 8 - 6 بچوں سے کہانی میں سے پڑھائی کروائیں۔

25 منٹ

- کہانی کی پڑھائی کے دوران جانوروں کے ساتھ جو ان کی صفات لکھی گئی ہیں اس کی بھی نشاندہی کریں۔

- پڑھائی کا کام مکمل ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کوپی میں دو کولم بنائیں۔ ایک کولم میں جانور کی صفت اور دوسرے کولم میں اس کا نام لکھیں۔

صفت	جانور
سیدھا سادہ	زیبرا
بھاری بھرکم	ہاتھی
کاہل	مگرمچھ
رنگ برنگا	مور
گول مٹول	گوریلا

- فہرست کی لکھائی کا کام مکمل ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ کسی 4 الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ مثلاً

آمنہ نے جب بھاری بھرکم ہاتھی چڑیا گھر میں دیکھا تو سواری کی ضد کی۔

تالاب میں پڑے کاہل مگرمچھ نے ڈبکی لگائی۔

گھر کا کام

10 منٹ

- کسی بھی جانور کے بارے میں رنگین کاغذ پر معلومات جمع کر کے اگلے ہفتے تک لائیں۔ معلومات میں درج ذیل points بھی شامل کریں۔

جانور کا نام، کہاں رہتا ہے، کن علاقوں میں پایا جاتا ہے، کیا کھاتا ہے، کیا اس جانور کو پالا جا سکتا ہے

نوٹ

ٹیچر اس میں مزید سوالات کا اضافہ کر سکتی ہیں۔

سیشن 3

ٹیچر کے لئے نوٹ

گتے کے ٹکڑے، رنگین کاغذ، مارکرز، پینسل، لکڑی کی باریک ڈنڈی وغیرہ کا بندوبست کر لیں۔

45 منٹ

- ٹیچر دو دو بچوں کے گروپس بنائیں۔ اس کے بعد ان بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی مرضی کے کسی بھی دو جانوروں کو کٹھ پتلی (puppets) کے انداز میں بنائیں۔

- کٹھ پتلی بنانے کا کام مکمل ہونے کے بعد بچے 5 - 4 مکالمے تیار کریں۔ جس میں جانور بتائیں کہ چڑیا گھر میں قید رہنے کی وجہ سے ان کا کیا حال ہے۔ بچے پہلے یہ مکالمے زبانی بنائیں۔ اس کے بعد انہیں اپنی کوپی میں لکھ لیں۔

- وہ بچے جنہوں نے دلچسپ مکالمے لکھے ہیں۔ ٹیچر ان سے کہیں کہ وہ یہ مکالمے کلاس کے دوسرے بچوں کو بھی سنائیں۔ بعد میں ٹیچر ان puppets کا کلاس میں ڈسپلے دیں۔

نوٹ

- ٹیچر اگر چاہئیں تو جانوروں کا خاکہ (stencils) کاٹ لیں۔ ہر گروپ کے لئے چار جانوروں کا خاکہ تیار کیا جا سکتا ہے۔ ٹیچر جانوروں کے یہ خاکے بچوں میں تقسیم کریں۔ بچے اس میں اپنی مرضی سے رنگ بھریں اور ان کو کاٹ کر ڈنڈی پر چپکا کر puppets کی شکل دیں۔

سیشن 4

10 منٹ	• کلاس کے 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔ اس کے بعد بچے درج ذیل سوالات کے جوابات کوپی میں لکھیں۔
30 منٹ	• کہانی کی پڑھائی کے بعد بتایئے۔ 1 شیر اٹھ جائے تو کیا ہو گا۔ 2 ہاتھی کی چنگھاڑ سے کیا ہو گا۔ 3 رنگ برنگے مور کے جاگ جانے کے بعد کیا ہو گا۔ - آپ کے خیال میں پنجرے میں چھپ جانے کے بعد بچوں کا کیا حال ہوا ہوگا؟ 2 سے 3 جملے لکھئے۔

گھر کا کام

5 منٹ	• جانوروں کے حوالے سے جو پروجیکٹ دیا گیا تھا۔مکمل کر کے لایئے۔

سیشن 5

45 منٹ

- بچے جانوروں کے حوالے سے جو کام مکمل کر کے لائے تھے۔ اس کا کلاس میں ڈسپلے کریں۔

- وہ بچے جنہوں نے جنگل کے جانوروں پر کام کیا ہے۔ انہیں گروپ میں بٹھائیں۔ اسی طرح پالتو جانوروں اور پانی میں رہنے والے جانوروں پر کام کرنے والے بچوں کو علیحدہ گروپ میں بٹھائیں۔ اس کے بعد ہر بچے کو موقع دیں کہ اس نے جس جانور پر کام کیا ہے۔ اس کے بارے میں وہ کلاس کے دوسرے بچوں کو بتائے۔

نوٹ

کہانی کی پڑھائی مکمل ہونے کے بعد بچوں کو چڑیا گھر کی سیر کروائی جائے۔

چڑیا گھر میں شور مت کرنا

ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk